# نماز حضرت امام جعفر صادقؑ

یہ دو رکعت نماز ہے جسکی ہر ایک رکعت میں سُورہ حمد کے بعد سو مرتبہ آیت شَہِدَ اللّٰہُ کی تلاوت کریں اور نماز کے بعد یہ دُعا پڑھیں

**يَا صَانِعَ كُلِّ مَصْنُوعٍ، يَا جَابِرَ كُلِّ كَسِيرٍ، وَيَا حَاضِرَ كُلِّ مَلاَءٍ، وَيَا شَاهِدَ كُلِّ نَجْوىٰ، وَيَا**

اے ہر بنی ہوئی چیز کے بنانے والے اے ہر شکستہ کو جوڑنے والے اور اے ہر گروہ میں موجود رہنے والے اور ایہر راز کے شاہد و گواہ

**عَالِمَ كُلِّ خَفِيَّةٍ، وَيَا شَاهِداً غَيْرَ غَائِبٍ، وَغالِباً غَيْرَ مَغْلُوبٍ، وَيَا قَرِيباً غَيْرَ بَعِيدٍ، وَيَا مُؤْنِسَ**

اور اے ہر چھپی ہوئی چیز کے جاننے والے اور اے وہ حاضر جو کبھی غائب نہیں ہوتا اے وہ غالب جو کبھی مغلوب نہیں ہوتا اے وہ قریب جو کبھی

**كُلِّ وَحِيدٍ، وَيَا حَيُّ مُحْيِيَ الْمَوْتىٰ، وَمُمِيتَ الْاَحْيَاءِ، الْقائِمُ عَلى كُلِّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ، وَ**

دور نہیں ہوتا اے ہر اکیلے کے ساتھ رہنے والے اور اے وہ زندہ جو مردوں کو زندہ کرتا ہے اور زندوں کو موت دیتا ہے ہر نفس کو اسکے کئے کا بدلہ دینے والے

**يَا حَيّاً حِينَ لاَ حَيَّ، لاَ إِلهَ إِلَّا أَنْتَ صَلِّ عَلى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ.**

اے اس وقت زندہ رہنے والے جب کوئی زندہ نہ ہوگا۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں محمدؐ اور آلِ محمدؐ پر رحمت فرما۔

urdu.duas.org